**Text of Morning Urdu News Bulletin 0920/0925AM of 05-07-2026**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ انوار الحق

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے دوسرے اور تیسرے زمرے کے شہرونںیز دوردراز علاقوں میں ہوائی سفر کو ایک نئی جہت دینے کی غرض سے وکست اُڑان اسکیم کے نئے مرحلے کی شروعات کی ہے۔ اس اسکیم کے تحت 28ہزار 840کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں، جن کے استعمال سے ایسے شہروں میں ہوائی رابطے کو مزید مضبوط بنایا جاسکے گا۔

سیمی کنڈکٹر پلانٹ CG اسی دوران وزیراعظم نے گجرات کے سانند علاقے میں شروع کئے گئے کو ملک کے الیکٹرانوی انقلاب کا اگلا قدم قرار دیا ہے۔

پلانٹ کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میں ہر Out sourced انہوں نے اس جدید ترین سال 20کروڑچِپس تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ وزیراعظم نے پلانٹ میں کام کرنے والے انجینئروں اور دیگر ملازمین کی محنت کی سراہنا کی۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے کی رَن وے بند کرنے سے متعلق مجوزہ منصوبے کو رد کرنے پر مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے جموں وکشمیر میں بلاخلل ہوائی رابطہ دستیاب رہے گا اور ہوائی سفر کرنے والے مسافروں کو راحت ملے گی۔

عمرعبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام ، تاجروں اور سیاحت سے جڑے افراد کے مفادات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انہوں نے یہ معاملہ ذاتی طور پر مرکز کے ساتھ اٹھایا تھا۔انہوں نے کہا کہ سیاحتی سیزن کے دوران ہوائی رابطے کا برقرار رہنا جموں وکشمیر کی معیشت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بحسن خوبی جاری ہے اور آج بھی بالتل اور نُن وَن کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتریوں کو پوِتر گپھا کی طرف روانہ کیا گیا۔اُدھر جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج علی الصبح 6ہزار 721یاتریوں کے ایک اور قافلے کو آج وادی کی طرف روانہ کیا گیا۔

یاترا کے راستوں پر
شردھالوو

---

ں کی سہولت کیلئے سلامتی سمیت تمام تر انتظامات دستیاب کرائے گئے ہیں۔اس بارے میں کئی ؑ یاتریوں کا کہنا ہے۔

........Yatris....

آج صبح 8بجے تک مزید ایک ہزار 978یاتریوں نے شیولنگم کے درشن کئے ہیں۔جیسے کہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ کل شام تک پوِتر گپھا میں حاضری دینے والے یاتریوں کی تعداد 32ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

ایل جی یاترا

اسی دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگرمیں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جاری سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کی کلہم نظامت اور زمینی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ایل جی نے کہا کہ اس سال یاترا ٹریکس پر یاتریوں کی تعداد سے متعلق سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل کیا جارہاہے۔لہٰذا یاتریوں کی سلامتی اور سہولت کیلئے رجسٹریشن شیڈول پر عمل کرنا لازمی ہے۔

ایل جی نے تمام محکموں اور سلامتی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی متعلقین بشمول لنگر تنظیموں ،خدمت فراہم کنندگان اور دیگر غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کریں۔

ڈی جی پی

جموں وکشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے تمام متعلقہ ایجنسیوں کو یاتریوں کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے سبھی اہم مقامات خاص طور پر قومی شاہراہ، یاترا کے روٹوں اور دوسری ضروری راہداریوں پر نگرانی بڑھانے کی ہدایت دی ہے۔

وہ پولیس کنٹرول روم کشمیر میں اس نسبت سے ضروری سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے تھے۔ میٹنگ میں آئی جی پی کشمیر اور آئی جی پی جموں سمیت دیگر سبھی سینئر پولیس عہدیداراں اور افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے یاتریوں کی محفوظ آواجائی کو یقینی بنانے

کے سلسلے میں وضع کردہ معیاری ضوابط کے بارے میں ڈی جی پی کو ضروری جانکاری فراہم کی۔

**ناظم زراعت**

ناظم زراعت کشمیرسرتاج احمد شاہ نے کہا ہے کہ مختلف مقامات پر کسانوں کے دورے اُن کی صلاحیت سازی کیلئے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، جو انہیں نت نئی زرعی تکنیکوں، اختراعی کاشت کاری اور دیرپا زراعت کے کامیاب نمونوں سے روشناس کراتے ہیں۔

وہ سرینگر میں محکمہ زراعت کے صدر دفتر پر کسانوں کے 5روزہ جانکاری دورے کے اختتام پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس دورے کے تحت ان کسانوں کو مختلف مقامات پر زمینی سطح پر عملائے جارہے نئے طور طریقوں کے بارے میں راست جانکاری حاصل ہوگئی۔

**کرکٹ**

کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ NIT سرینگر کے میزبانی میں کل سے شروع ہوا کُل ہند بینNIT منی پور کو دس وکٹ NIT سرینگر کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے NIT میں سے ہرادیا۔

قومی سطح کے اس کرکٹ ٹورنامنٹ میں 24ٹیمیں شرکت کررہے ہیں، جوکہ ملک کی مختلف ریاستوں کے NIT's سے تعلق رکھتی ہیں۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27.1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاسے گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

**خدا حافظ**